ABC CARTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ کثیرالاشاعت روزنامہ

Daily FRONTLINE Lahore

چیف ایڈیٹر محمد الیاس گجر

روزنامہ فرنٹ لائن لاہور

ڈپٹی ایڈیٹر: سعید احمد ضیا

ایڈیٹر: عظیم اکبر

جلد 29 | جمعۃ المبارک 23 اگست 2024، 17 صفر المظفر 1446ھ 9 بھادوں 2280 ب قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 234

ریجنل ہیڈ ایمبیسیڈر (ر) ڈاکٹر سید رضوان احمد نے سیہون میں کھلی کچہری

جس میں وفاقی ادارے بشمول حیسکو سیپکو نادرا اور سوئی گیس سے متعلقہ شکایات کی سماعت ہوئی

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) حیدرآباد اور سندھ کے لوگوں کے مسائل حل کرنے کے سلسلے میں وفاقی محتسب پاکستان اعجاز قریشی کی ہدایت پر ریجنل ہیڈ ایمبیسیڈر (ر) ڈاکٹر سید رضوان احمد نے سیہون میں بھی ایک کھلی کچہری منعقد کی جس میں وفاقی ادارے بشمول حیسکو سیپکو نادرا اور سوئی گیس سے متعلقہ شکایات کی سماعت کی ریجنل ہیڈ ایمبیسیڈر (ر) ڈاکٹر سید رضوان احمد نے عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سوئی گیس کے مسئلے پر سوئی گیس کے اعلی حکام کو حیدرآباد طلب کر لیا لوگوں نے عام بجلی بلوں میں ناجائز ڈیٹیکشن غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سوئی گیس نہ پہنچنے اور اسکے باوجود فکسڈ چارجز کی مد میں ہزاروں روپے کے بل وصول کرنا اور نادرا کی سہولت کچھ علاقوں میں نہ ہونے کی شکایات ڈاکٹر سید رضوان احمد ریجنل ہیڈ حیدرآباد وفاقی محتسب کو پیش کیں اس موقع پر انہوں نے کہا کہ انکے دروازے ہر ایک کے لئے کھلے ہیں اور سندھ کا کوئی بھی شکایت گزار ان سے انکے حیدرآباد آفس آ کر آسانی سے مل سکتا ہے انھوں نے مزید کہا کہ وہ عوامی شکایات کے فوری ازالے اور عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے حیدرآباد اور اندرون سندھ شکایات کے حل کے ل?ے کوشاں رہتے ہیں کھلی کچہری میں جن معاملات پر فوری فیصلہ ہو سکتا تھا اسکو اسی وقت نمٹا دیا گیا اور جس پر مزید تفتیش بنتی تھی اس پر شکایت رجسٹر کر کے ایجنسیوں کو نوٹس بھیج دیا گیا انہوں نے نادرا کو کچھ علاقوں میں گشتی ٹیمیں بھیجنے کی بھی ہدایت کی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر حیسکو/سیپکو کی طرف سے کمرشیل آفیسرز نادرا کی طرف سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور سوئی گیس کی طرف سے سیکٹر زونل مینیجر نے شرکت کی اور عوامی شکایات کے موقع پر جواب دیئے اسسٹنٹ کمشنر وقاص خٹک نے اس حوالے سے ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی یقین دھانی کرائی اور صوبائی معاملات کے حوالے سے لوگوں کی شکایت پر موقع پہ صوبائی محکموں کو ہدایات جاری کیں۔